# "بے حس قوم کے نام" فلسطینی بچوں کا پیغام"

---

ترجمان: حکیم الدین اشرف اٹاوڑی

"" "" "" "" "" "" "" "" "" "" "" "" "" "" "" "" "" ""

ہم اہلِ غزہ کے بچے ہیں تم عید منانا اچھے سے
ہم بھوک و پیاس کے مارے ہیں تم عید منانا اچھے سے

------------------------------

نعرہ ہے یہی شیطانوں کا ہم لے کے رہیں گے اقصیٰ کو
اقصیٰ کے محافظ ہم ہی ہیں تم عید منانا اچھے سے

------------------------------

ڈوبا ہے غزہ ہر سو خوں میں ہر سمت ہوئی ہے بمباری
ہیں لاش بچھی ماں بہنوں کی تم عید منانا اچھے سے

------------------------------

تم عیش کرو مستی میں رہو جھیلیں گے ہمیں سب حملوں کو
ہم خون شہادت میں ڈوبے تم عید منانا اچھے سے

------------------------------

ہم اہل فلسطیں کے بچے نہ باپ رہا نہ ماں ہی رہی
نہ عیدی ہے نہ عید ملن تم عید منانا اچھے سے

------------------------------

تم کھاؤ پیو اور موج کرو ہر چیز میسر ہے تم کو
ہم ظلم و ستم کے خوگر ہیں تم عید منانا اچھے سے

------------------------------

تم عیش اڑاؤ محلوں میں تم مست رہو میخانوں میں

گھر بار ہمارے ختم ہوئے تم عید منانا اچھے سے

-----------------------------

نہ آنکھ دکھائی طیب نے نہ آگے آئے ملا حسن
انبار ہیں ہر سو لاشوں کے تم عید منانا اچھے سے

-----------------------------

سوئے ہیں سبھی یہ اہل عرب مجبور ہیں پاک و ایراں بھی
خاموش تماشائی بن کر تم عید منانا اچھے سے

-----------------------------

اب کون سنے گا آہ و بکاء ہم درد کے مارے لوگوں کی
تم عیش و طرب کے متوالے تم عید منانا اچھے سے

-----------------------------

کہتے ہیں یہی ہم اشرف سے پیغام ہے پوری ملت کو
نہ مسجد ہے نہ مکتب ہے تم عید منانا اچھے سے

-----------------------------

پیش کردہ: مدارس میڈیا یوٹیوب چینل

باآواز:--------
قاری محمد انس اشرف اٹاوڑی
متعلم--------
جامعہ الیاسیہ اشاعت العلوم کھر کھڑی
میوات ہریانہ رابطہ نمبر 9813057544
بقلم:- طیب حسین الوری میواتی راجستھانی الہندی